دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم میں یومیہ ختم یٰسین شریف اور ہفتہ وار ختم بخاری شریف :

امت مسلمہ اور خصوصاً پاکستان کے موجودہ پریشان کن اور ناگفتہ بہ حالات کے پیش نظر دارالعلوم حقانیہ کے ارباب اہتمام واساتذہ کے باہمی مشورہ سے گزشتہ سال سے دارالعلوم حقانیہ کے طلباء روزانہ صبح کی نماز کے بعد یٰسین شریف کے ختمات کرتے ہیں۔ امسال یٰسین شریف کے علاوہ ہفتہ وار بنیاد پر ہر اتوار کو دورۂ حدیث شریف کے طلباء پر ختم بخاری شریف بھی لازمی قرار دیا گیا۔ افتتاح سال سے ہی اس پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی موجودگی میں طلباء (جن کی تعداد تقریباً گیارہ سو ہے) اپنے رولنمبر کے اعتبار سے بخاری شریف کا متعلقہ صفحہ پڑھ لیتے ہیں اور اس طرز سے دس منٹ سے بھی کم وقت میں پورا بخاری شریف کا ختم ہو جاتا ہے۔ اکابرین امت نے سخت اور پریشان کن حالات میں بخاری شریف کا ختم انتہائی مفید اور مجرب قرار دیا ہے۔ دیگر مدارس بھی اگر یہ معمول اپنالیں تو امید ہے کہ بہت جلد امت مسلمہ اور پاکستان گرداب سے ان شاء اللہ نکل آئے گا۔

مولانا اشراف الدین حقانی کی وفات:

دارالعلوم کے قدیم فاضل اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کے دیرینہ عقیدت مند مولانا اشراف الدین حقانی ۲۷/۲۸ اکتوبر کی درمیانی شب مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

موصوف امسال رمضان میں عمرہ کی سعادت سے بہرور ہوئے تھے۔ آپ نے دارالعلوم کے شعبہ اردو اور تعلیم القرآن ہائی سکول میں تدریسی خدمات بھی انجام دی۔ اس کے علاوہ دارالعلوم کی ترقی کی ہر قسم کی تگ ودو میں تادم وفات مخلصانہ کردار کے حامل رہے۔ فوج میں طویل عرصے تک خطابت کے فرائض بھی انجام دیئے۔ بنیادی طور پر آپ صوابی کے موضع بیکا سے تعلق رکھتے تھے۔ تاہم ایک عرصے سے دارالعلوم کی قربت کی وجہ سے حکیم آباد نوشہرہ میں قیام اختیار کیا' جہاں ایک مسجد اور لڑکیوں کا مدرسہ بنام تہذیب النساء دین کی نشر واشاعت کے لئے قائم کیا۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پڑھائی۔ جس میں علاقہ بھر کے علماء وطلباء ومعززین نے ایک بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دارالعلوم اور ادارہ الحق آپ کے فرزندان زین العابدین۔ حافظ زین العارفین۔ احسان الرحمٰن۔ مولانا ضیاء الرحمٰن۔ حافظ قاری عطاء الرحمٰن اور جملہ پسماندگان کے ساتھ اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔

اللھم اغفرہ وارحمہ واجعل قبرہ روضۃمن ریاض الجنۃ

مدیر کے قلم سے